## حق پرست ارکان قومی اسمبلی،حق پرست صوبائی وزیر،ارکان صوبائی اسمبلی ٹاؤن ناظم اورنگی ٹاؤن کا کراچی میں حالیہ پرتشدد واقعات کے متاثرہ علاقوں کا دورہ،متاثرین سے ملاقات کی اور غذائی اجناس تقسیم کی

## الطاف حسین کراچی میں ہونے والے پرتشدد واقعات اور دہشت گردوں کی کارروائیوں سے متاثرہ تمام قومیتوں کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں

کراچی۔۔۔3، دسمبر 2008ء۔۔۔حق پرست ارکان قومی وصوبائی اسمبلی اقبال قادری،عبدالقادر خانزادہ،رضا حیدر،منظر امام اور ٹاؤن ناظم اورنگی ٹاؤن عبدالحق نے کراچی میں حالیہ پرتشدد واقعات کے متاثرہ علاقوں رئیس امروہی کالونی،خلیل مارکیٹ،قریشی مارکیٹ،بیوا کوارٹرز اور یعقوب آباد اور دیگر علاقوں کا دورہ کیا اور متاثرین سے ملاقات کی اور غذائی اجناس تقسیم کی۔جس میں آٹا،دالیں،چاول،چینی،چائے کی پتی،سوکھا دودھ،ٹوتھ پیسٹ،گھی کے پیکٹ اور دیگر روزمرہ کی اشیاء شامل ہیں۔اس موقع پر مقامی سیکٹر و یونٹس کے ذمہ داران وکارکنان بھی انکے ہمراہ تھے۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے متاثرین سے حالیہ پرتشدد واقعات میں ہونے والے نقصانات کی تفصیلات معلوم کیں۔اس موقع پر متاثرین نے پرتشدد واقعات میں ہونے والے نقصانات واپنے اوپر ہونے والے مظالم کی تفصیلات بتاتے ہوئے آبدیدہ ہوگئے۔متاثرین نے بتایا کہ ہماری سالوں کی جمع پونجی دہشت گرد لوٹ کر لے گئے جبکہ ہمارے متعدد گھروں کو آگ لگادی گئی اور ماؤں بہنوں کی بے حرمتی کی گئی۔ایم کیوایم کے رہنماؤں نے متاثرین کی باتوں کو غور سے سنا اور انہیں ہر ممکن تعاون کی یقین دہانی اور تسلی دیتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین شہر کراچی میں ہونے والے پرتشدد واقعات اور دہشت گردوں کی کارروائیوں سے متاثرہ تمام قومیتوں کے خاندان کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان واقعات پر دکھی ہیں۔انہوں نے متاثرین کو پرامن رہنے کی تلقین کرتے ہوئے کہا کہ ہم سب کی مشترکہ کاوشوں سے ہی شہر میں امن کا قیام ممکن ہے اور آج ہمیں اس بات کا عہد کرنا ہے کہ رواداری اور بھائی چارے کی فضا قائم کریں،شرپسند عناصر پر مل جل کر نظر رکھیں،افواہوں پر کان نہ دھریں،ایک دوسرے کی غلطیوں کو معاف کرکے،محبت و بھائی چارے سے رہیں گے اور تمام قومیتوں کا احترام کریں گے۔اس موقع پر متاثرین نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے غذائی اجناس کے پیکٹوں کی فراہمی پر دلی تشکر کا اظہار کیا اور ان کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔دریں اثناء ارکان قومی اسمبلی وسیم اختر،عبدالرشید گوڈیل اور حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون نے الفلاح مسجد،شاہراہ قائدین،خالد بن ولید روڈ،طارق روڈ اور بہادرآباد کا دورہ کیا اور وہاں موجود مقامی تاجروں سے ملاقات کرکے انہیں اپنے ہر ممکن تعاون کا یقین دلایا۔

## کراچی میں ہنگامہ آرائی سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے غذائی اجناس کی تقسیم

## امدادی قافلہ کا خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے روانہ ہوا،متاثرہ لوگوں نے امدادی قافلہ کا خیر مقدم کیا اور نعرے لگائے

کراچی۔۔۔3، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے کراچی شہر میں حالیہ ہنگامہ آرائی سے متاثرہ خاندانوں کی امداد کیلئے غذائی اجناس کے ایک ہزار ڈبوں سے بھرے تین ٹرک بدھ کے روز روانہ کردیئے گئے۔غذائی اجناس کی یہ کھیپ خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر واقع فیڈرل بی ایریا میں ہنگامی بنیادوں پر تیار کرائی گئی تھی اور اس کی پیکنگ لوڈنگ کے کام کے سلسلے میں ایم کیوایم کے کارکنان اور خدمت خلق فاؤنڈیشن کے رضا کاران رات بھر مصروف رہے۔راشن کے یہ پیکٹ ایک خاندان کی 2 ہفتے تک کی غذائی ضروریات پوری کرسکتا ہے اور اس میں چاول،آٹا،دالیں،چینی،چائے،دودھ اور دیگر غذائی اجناس شامل ہیں۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے ایڈمنسٹریٹر سلیم الدین انصاری نے غذائی اجناس کی یہ کھیپ اورنگی ٹاؤن کے متاثرہ علاقوں رئیس امروہی،خلیل مارکیٹ،قریشی مارکیٹ،بیوہ کوارٹرز اور یعقوب آباد کے متاثرین کیلئے اپنی نگرانی میں روانہ کی اور اس امدادی کھیپ کو حق پرست ارکان قومی اسمبلی عبدالقادر خانزادہ،اقبال قادری اور خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی کے انچارج عبدالقادر لاکھانی اپنی سربراہی میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کے صدر دفتر سے لیکر نکلے اور یہ امدادی قافلہ عائشہ منزل،طاہر ولا،بورڈ آفس،عبداللہ کالج،بنارس،میٹرو سینما،اورنگی پانچ نمبر سے گزرتا ہوا متاثر علاقوں تک پہنچا۔اس دوران امدادی قافلہ میں حق پرست ارکان سندھ اسمبلی رضا حیدر،منظر امام اور ٹاؤن ناظم عبدالحق بھی شامل ہوگئے۔غذائی اجناس کی کھیپ کو دیکھ کر متاثرہ افراد نے خوشی کا اظہار کیا اور ایم کیوایم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق میں فلک شگاف نعرے بھی لگائے۔بعدازاں اس غذائی اجناس کی کھیپ کو حق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے متاثرین میں تقسیم کیا جن میں مختلف قومیتوں کے خاندان بھی بڑی تعداد میں شامل تھے۔اس موقع پر متاثرہ خاندانوں سے خطاب کرتے ہوئے حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کراچی شہر کی رونقیں چھیننے والوں کے عزائم کبھی کامیاب نہیں ہونے دیگی اور گزشتہ دنوں ہنگامہ آرائی اور پرتشدد واقعات میں جو لوگ متاثر ہیں ان کے غم بانٹنے کیلئے اپنے کام کا آغاز کرچکی ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین شہر کراچی میں ہونے والے پرتشدد واقعات اور دہشت گردوں کی کارروائیوں سے متاثرہ تمام قومیتوں کے خاندانوں کے غم میں برابر کے شریک ہیں اور ان واقعات پر دکھی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے مشن،مقصد اور نظریئے کے مطابق اس شہر کی حق پرست قیادت نے آبیاری کی اور آج بعض سازشی قوتیں کراچی کی لسانی اکائیوں کے درمیان نفرتیں پیدا کررہی ہیں اور انہیں

تقسیم کرنے کی سازش کررہی ہیں۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم واحد جماعت ہے جس میں پختونوں سمیت تمام قومیتوں کے افراد شامل ہیں اور جوعناصر بھی دہشت گردی کی کارروائیوں ملوث ہیں نہ صرف کراچی بلکہ پاکستان کے دشمن ہیں۔غذائی اجناس کے پیکٹوں کی تقسیم سے استفادہ کرنے والے متاثرہ لوگوں نے اپنے جذبات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ گزشتہ دنوں ہمارے علاقوں میں دہشت گردوں نے جوکارروائیاں کیں اس کے باعث ہم نہ صرف نکل مکانی پر مجبور ہوگئے بلکہ بے سروسامانی کے عالم میں ہیں،ہمیں غذائی قلت کا شدید سامنا تھا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ اوراس کا فلاحی ادارہ دکھی انسانیت کی خدمت میں ہر دفعہ پہل دکھاتا ہے اوراس مرتبہ بھی ہمیں اگر کسی نے سہارا دیا ہے تو وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن ہے۔اس موقع پر متاثرہ خاندانوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین سے غذائی اجناس کے پیکٹوں کی فراہمی پر دلی تشکر کا اظہار کیا اوران کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں۔

## وقت آگیا ہے کہ کراچی کے پختون کراچی کے امن کیلئے اپنا کردار ادا کریں،پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی
## کراچی کے پختون افغانستان اورقبائلی علاقہ جات کے پختونوں کی طرح کسی کی آگ کا ایندھن نہ بنیں اوراپنے اچھے برے میں خود تمیز کریں

کراچی۔۔۔3،دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا ہے کہ کراچی کی موجودہ صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے وہ وقت آگیا ہے کہ کراچی کے پختون کراچی کے امن کیلئے اپنا کردار ادا کریں اورافغانستان اورقبائلی علاقہ جات کے پختونوں کی طرح کسی کی آگ کا ایندھن نہ بنیں اوراپنے اچھے برے میں خود تمیز کریں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہر کراچی نے ہمیں روزگار دیا ہے،ہمیں عزت دی ہے ہمیں اپنے گریبانوں میں جھانکنا چاہئے کہ ہم شہر کراچی کو کیا دے رہے ہیں؟۔انہوں نے کہا کہ کراچی جل رہا ہے کیا ہم اس کا تماشہ دیکھیں؟ کراچی ہماری ماں ہے اورتمام غریبوں کی ماں ہے جس نے تمام قوموں کے غریبوں کو اپنی گود میں لیا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ ایسا بھی کہیں ہوتا ہے کہ کوئی اپنی ماں کی گود اجڑتا دیکھنا پسند کرے؟ تو پھر خاموشی کس بات کی ہے؟ آگے بڑھیں اورتمام پختون سمیت تمام قومیتوں کے افراد امن کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کریں اور دہشت گردوں کے عزائم کو خاک میں ملادیں۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں امن ہوگا تو کراچی خوشحال ہوگا اور کراچی خوشحال ہوگا تو ہم سب خوشحال ہونگے اور پوکستان خوشحال ہوگا۔

## حبیب بنک کے ریفرنڈم میں ورکرز فرنٹ کی کامیابی متحدہ قومی موومنٹ کی بھرپور حمایت کے باعث ہی ممکن ہوئی ہے،حبیب الدین جنیدی
## ورکرز فرنٹ پاکستان CBA حبیب کے وفد کی ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔3،دسمبر2008ء۔۔۔حبیب بنک ورکرز فرنٹ پاکستان CBA کے ایک وفد نے سرپرست اعلیٰ حبیب الدین جنیدی کی سربراہی میں خورشید بیگم میموریل ہال عزیز آباد میں متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارجز مظہر حسین اور مظاہر حسین سے ملاقات کی اور حبیب بنک میں سولہ سال کے بعد ہونے والے ریفرنڈم میں ورکرز فرنٹ کی کامیابی کیلئے بھرپور تعاون کرنے پر تشکر کا اظہار کیا۔وفد میں حبیب بنک ورکرز فرنٹ کے صدر حاجی یعقوب،سینئر نائب صدر نادرہ پروین،ڈپٹی جنرل سیکریٹری ناصر محمود، سینئر وائس چیئر مین شاہد سلطان شامل تھے جبکہ اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کی سینٹرل کوآرڈی نیشن کمیٹی کے ارکان اسرائیل،اسد کاظمی اور حبیب بنک یونٹ کمیٹی کے اراکین بھی موجود تھے۔ملاقات میں حبیب الدین جنیدی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ریفرنڈم میں ورکرز فرنٹ کی کامیابی دراصل متحدہ قومی موومنٹ اوراس کے قائد الطاف حسین کی بھرپور حمایت کے باعث ہی ممکن ہوئی ہے۔انہوں نے کہا کہ حبیب بنک اوراس کے ملازمین کے بہتر مستقبل کیلئے متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن کا کردار انتہائی اہمیت کا حامل ہے اور وہ امید کرتے ہیں کہ لیبر ڈویژن اس حوالے سے اپنا اہم کردار ادا کرتی رہے گی اور محنت کشوں کے مسائل کے حل کیلئے ورکرز فرنٹ CBA بھی شانہ بشانہ چلے گی۔اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج مظہر حسین نے وفد کی نائن زیرو آمد پران کا شکریہ ادا کیا اور محنت کشوں کے جائز حقوق کیلئے ہر جدوجہد میں ساتھ دینے کے عزم کا اظہار کیا۔

## حق پرست کارکنان اور ہمدرد پی آئی اے کے ریفرنڈم میں پیپلز یونٹی آف پاکستان کے حق میں اپنا
## حق رائے دہی کا استعمال کریں،ڈاکٹر فاروق ستار

کراچی۔۔۔03دسمبر2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ نے جمعرات کے روز پی آئی اے کی اجتماعی سودے کار یونین کے انتخاب کیلئے ہونے والے ریفرنڈم میں پیپلز پارٹی کی حمایت یافتہ پیپلز یونٹی کی مکمل اور غیر مشروط حمایت کا اعلان کیا ہے۔اس بات کا فیصلہ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر فاروق ستار اور صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا کے درمیان اس سلسلے میں بدھ کے روز ہونے والی بات چیت میں کیا گیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے پی آئی اے میں حق پرست کارکنوں اور ہمدردوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ریفرنڈم میں پیپلز پارٹی کی پیپلز یونٹی آف پاکستان کے حق میں اپنا حق رائے دہی استعمال کریں۔پی آئی اے میں ہونے والے اس ریفرنڈم میں پیپلز یونٹی آف پاکستان کی حمایت کا فیصلہ متحدہ قومی موومنٹ اور پیپلز پارٹی کے درمیان جاری تعاون کار اور شرکت وشمولیت کے تسلسل میں کیا گیا ہے۔لہٰذا پی آئی اے کے ملازمین پیپلز یونٹی آف پاکستان کو

بھاری تعداد میں ووٹ دیکر کامیابی سے ہمکنار کریں۔

## نیوز ایڈیٹر اطہر علی ہاشمی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔3، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے روزنامہ جنگ لندن ڈیسک کے نیوز ایڈیٹر اطہر علی ہاشمی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کیکہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے (آمین)۔

## شاہ فیصل سیکٹر اور نوشہرو فیروز زون یونٹ تھاروشاہ کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ۔۔۔3، دسمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ 107 کے کارکن صابر کے والد عبدالمجید اور ایم کیوایم نوشہرو فیروز زون یونٹ تھاروشاہ کے کارکن نعیم خانزادہ ایڈووکیٹ کے بہنوئی عبدالرزاق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صبر جمیل عطا کرے (آمین)۔

☆☆☆☆☆